www.saharaexpressdaily.com saharaexpressranchi@gmail.com saharaexpress123@gmail.com saharaexpressnews@gmail.com



روزنامہ
سہارا
ایکسپریس
رانچی
SAHARA EXPRESS,RANCHI

Urdu Daily Published From
Ranchi,Patna & Delhi

RNI.NO.JHURD/2012/45029 Vol:14 Issue:07 07.01.2025 TUESDAY Re.01 Page:08

جلد نمبر:14 شمارہ:۷/منگل/۷/جنوری/۲۰۲۵/مطابق/۶/رجب المرجب ۱۴۴۶ھ/ صفحات:08

# انڈیا گیٹ کا نام بدل کر بھارت ماتا دوار کرنے کا مطالبہ



نئی دہلی، 06 جنوری (یو این آئی) بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے اقلیتی مورچہ نے مرکزی حکومت سے دارالحکومت کے مشہور انڈیا گیٹ کا نام بدل کر بھارت ماتا دوار کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ بی جے پی اقلیتی مورچہ کے قومی صدر جمال صدیقی نے پیر کو یہاں ایک بیان میں کہا کہ جس طرح راج پتھ کا نام بدل کر کرتویہ پتھ رکھا گیا ہے، اسی طرح انڈیا گیٹ کا نام بدل کر بھارت ماتا دوار کرنے کی ضرورت ہے۔ مسٹر صدیقی نے وزیر اعظم نریندر مودی کو لکھے گئے خط میں کہا،"آپ کی قیادت میں ہندوستان کے 140 کروڑ ہندوستانی بھائی بہنوں کے دلوں میں وطن سے محبت اور ہندوستانی ثقافت کے تئیں عقیدت کا ایک بڑا جذبہ ہے۔ آپ کی مدت کار میں مغل حملہ آوروں اور لٹیرے انگریزوں کے ذریعہ دیئے گئے زخموں کو بھرنے کا کام ہوا ہے۔ آپ نے غلامی کے داغ کو دھویا ہے۔ اس سے پورے ملک میں خوشی کا ماحول ہے۔"انہوں نے لکھا،"آپ کی مدت کار میں مغل بادشاہ اورنگزیب کے نام پر بنی سڑک کا نام بدل کر اے پی جے عبدالکلام روڈ رکھا گیا، اسی طرح انڈیا گیٹ پر لگی کنگ جارج پنجم کی مورتی کو ہٹا کر نیتا جی سبھاش چندر بوس کی مورتی لگائی جائے۔ جس طرح آپ نے راج پتھ کا نام کرتویہ پتھ کیا، اسی طرح انڈیا گیٹ کا نام بدل کر بھارت ماتا دوار کیئے جانے کی ضرورت ہے۔ مسٹر صدیقی نے لکھا کہ انڈیا گیٹ کو بھارت ماتا دوار کرنا اس ستون پر درج ہزاروں شہید محب وطنوں کے نام کو حقیقی خراج عقیدت ہوگی۔

## نکسلیوں کے ذریعہ آئی ای ڈی دھماکے میں سیکورٹی فورسز کے 9 جوان شہید، متعدد زخمی

بیجاپور 06 جنوری (یو این آئی) نکسلیوں نے چھتیس گڑھ کے بیجاپور سے دور کٹرو روڈ پر سیکورٹی فورسز کی ایک گاڑی کو آئی ای ڈی دھماکے سے اڑا دیا جس کی وجہ سے 9 فوجی شہید اور متعدد فوجی زخمی ہو گئے۔ نکسلیوں نے ایک طاقتور دھماکہ خیز ڈیوائس (آئی ای ڈی) سے دھماکہ کیا۔ نکسلیوں نے یہ حملہ بیجاپور ضلع کے کٹرو بیدرے روڈ پر اس وقت کیا جب دنتے واڑہ، نارائن پور اور بیجاپور کی مشترکہ آپریشن پارٹی مہم کے بعد واپس آ رہی تھی۔ یہ حملہ دوپہر 2:15 بجے کٹرو تھانہ علاقے کے امبیلی گاؤں کے قریب ہوا تھا۔ نکسلیوں نے آئی ای ڈی دھماکے سے سیکورٹی فورسز کی گاڑی کو اڑا دیا۔ دھماکا اتنا شدید تھا کہ اس کی وجہ سے موقع پر 15 فٹ گڑھا بن گیا۔ بستر رینج کے آئی جی سندرراج پی نے اس حادثے میں آٹھ فوجیوں اور ایک ڈرائیور کے شہید ہونے کی تصدیق کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ نارائن پور، دنتے واڑہ، جگدل پور اور کونڈا گاؤں کی ڈی آر جی ٹیموں کے ساتھ اسپیشل ٹاسک فورس کے اہلکار بھی اس آپریشن میں شامل تھے

## کانگریس نے جھارکھنڈ میں عوامی مسائل کے حل کے لیے براہ راست پہل شروع کی

رانچی، 06 جنوری (اسٹاف رپورٹر) کانگریس نے جھارکھنڈ میں عوامی مسائل کو حل کرنے کے لیے راست پہل شروع کی۔ اسی سلسلے میں کانگریس بھون میں جنتا دربار کا انعقاد کیا گیا جس میں دیہی ترقی کی وزیر دیپیکا پانڈے سنگھ نے عام لوگوں کے مسائل سنے۔ آج یہاں یہ جانکاری دیتے ہوئے ریاستی کانگریس کی ترجمان سونل شانتی نے کہا کہ 20 لوگوں نے وزیر دیپیکا پانڈے سنگھ کے سامنے اپنے مسائل پیش کئے اور موقع پر ہی عہدیداروں سے بات کرنے کے بعد مسائل کو حل کرنے کے لئے تیز رفتار کارروائی کرنے کی ہدایت دی۔ جنتا دربار پر آنے والے کل 20 کیسز میں سے تین ابوا آواس کی قسط کی ادائیگی سے متعلق تھے، دو کا تعلق اراضی سے، دو کا تعلق زمین سے، دو کا تعلق نامزدگی سے، پانچ کا تعلق سڑک کے نالے سے، ایک آفت کے تحت معاوضے کی ادائیگی سے متعلق اور ایک لاپتہ سے متعلق تھا۔ اس کے لیے تمام افسران کو ہدایات دے دی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل کا یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ اسی سلسلے میں وزیر صحت ڈاکٹر عرفان انصاری 7 جنوری کو کانگریس بھون میں 11:00 سے 12:00 بجے تک منعقد ہونے والے جنتا دربار میں عوامی مسائل سنیں گے۔ محکمہ صحت سمیت دیگر محکموں کے مسائل بھی عام لوگ وزیر کے سامنے رکھ سکتے ہیں۔

## جھارکھنڈ میں لاش کے بدلے 94 ہزار روپے مانگنے پر وزیر صحت کی کارروائی

رانچی، 6 جنوری (اسٹاف رپورٹر) جھارکھنڈ کے رانچی میں انتقال کر جانے والے 65 سالہ حاجی سمیع اللہ انصاری کی لاش میدانتا اسپتال کے منیجر بل ادا کیے بغیر ان کے اہل خانہ کو نہیں دے رہے تھیے۔ اسپتال نے میت حوالے کرنے کے عوض 94 ہزار روپے کا بل ادا کرنے کا کہا تھا۔ جب اس کی خبر جھارکھنڈ کے وزیر صحت ڈاکٹر عرفان انصاری تک پہنچی تو انہوں نے بغیر کسی تاخیر کے اسپتال سے رابطہ کیا اور میت اہل خانہ کے حوالے کرائی۔ اس کے لیے وزیر کی کافی تعریف کی جا رہی ہے۔ عوام کے تئیں ان کی لگن کو دیکھ کر لوگ ان کے کام کی خوب ستائش کر رہے ہیں۔ میت ملنے کے بعد اہل خانہ نے بھی وزیر ڈاکٹر عرفان انصاری کے کام کی ستائش کرتے ہوئے کا ان کا شکریہ ادا کیا۔

## ایک قوم، ایک انتخاب بل، 2024 میں قانون اور انصاف کی مرکزی وزارت کی نمایاں کامیابی

نئی دہلی، 06 جنوری (یو این آئی) سنہ 2024 میں مرکزی وزارت قانون و انصاف کے لیے لوک سبھا میں ایک قوم، ایک انتخاب" آئینی ترمیمی بل کا تعارف قابل ذکر کامیابیوں میں سے ایک تھا۔ پچھلے سال سابق صدر رام ناتھ کووند کی صدارت میں تشکیل دی گئی اعلیٰ سطحی کمیٹی نے ایک قوم، ایک انتخاب سے متعلق اپنی رپورٹ پیش کی تھی تاکہ ملک میں تین سطحی انتخابات کے بیک وقت انعقاد کی سفارش کی جا سکے۔ اس کی بنیاد پر وزیر قانون ارجن رام میگھوال نے پارلیمنٹ کے آخری سرمائی اجلاس میں 17 دسمبر 2024 کو لوک سبھا میں 129 واں بل پیش کیا۔ کانگریس سمیت تمام اپوزیشن جماعتوں نے لوک سبھا میں اس بل کو پیش کرنے کی مخالفت کی تھی۔ ایوان میں اس پر گرما گرم بحث کے بعد اسے جامع جائزہ کے لیے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں (لوک سبھا اور راجیہ سبھا) کی مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کو بھیج دیا گیا ہے۔ اس بل میں آئین کے آرٹیکل 82A (لوک سبھا اور قانون ساز اسمبلیوں کے بیک وقت انتخابات کرانے کا انتظام) اور آرٹیکل 172 اور آرٹیکل 327 میں ترمیم کی تجاویز ہیں۔ آرٹیکل 172 ریاستوں کی قانون ساز اسمبلیوں کی مدت سے متعلق ہے اور آرٹیکل 372 پارلیمنٹ کو مقننہ کے انتخابات سے متعلق انتظامات کرنے کے اختیارات سے متعلق ہے۔ وزارت کی طرف سے جاری کردہ سالانہ رپورٹ کے مطابق 02 ستمبر 2023 کو بیک وقت انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے سفارشات پیش کرنے کے لیے سابق صدر مسٹر کووند کی صدارت میں ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دی گئی تھی۔ کمیٹی نے اپنی تشکیل کے بعد سے 191 دنوں تک مختلف اسٹیک ہولڈرز اور ماہرین کے ساتھ وسیع غور وخوض اور تحقیق کے بعد 14 مارچ 2024 کو صدر دروپدی مرمو کو اپنی 18,626 صفحات پر مشتمل رپورٹ پیش کی۔

## ہائی کورٹ نے باگیشور میں چاک کان کنی پر روک لگائی

نینی تال، 6 جنوری (یو این آئی) اتراکھنڈ ہائی کورٹ نے پیر کو جاری اپنے اہم فیصلے میں باگیشور ضلع میں چاک کان کنی پر مکمل پابندی لگا دی ہے نیز سیکریٹری انڈسٹریز اور مائننگ ڈائریکٹر کو 9 جنوری کو ذاتی طور پر عدالت میں پیش ہونے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اخبارات میں شائع خبروں کا از خود نوٹس لیتے ہوئے ہائی کورٹ نے اس معاملے میں ایک پی آئی ایل دائر کی ہے۔ اس کیس کی سماعت آج چیف جسٹس جی نریندر اور جسٹس منوج کمار تیواری کی بنچ میں ہوئی۔
















## تیجسوی کا کارکن درشن کم ڈائیلاگ پروگرام چھ اضلاع میں 15 سے 22 جنوری تک

پٹنہ، 06 جنوری (اسٹاف رپورٹر) ساتویں مرحلے میں بہار اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر تیجسوی پرساد یادو کا ورکر درشن کم ڈائیلاگ پروگرام 15 سے 22 جنوری تک چھ اضلاع میں منعقد جا رہا ہے۔ بہار راشٹریہ جنتا دل کے ترجمان اعجاز احمد نے پیر کو یہاں بتایا کہ مسٹر یادو کے کاریہ کارتا درشن سہ سمواد پروگرام کا ساتواں مرحلہ 15 جنوری سے 22 جنوری تک چھ اضلاع میں منعقد کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 15 جنوری کو جہان آباد میں ایک مکالمہ پروگرام منعقد ہونا ہے جس میں اروال ضلع کے کارکنان بھی شرکت کریں گے۔ اس کے بعد گیا شہر، تنظیم ضلع ٹیکاری میں 16 جنوری کو، اورنگ آباد میں 20 جنوری کو، روہتاس میں 21 جنوری کو اور بھوجپور ضلع میں 22 جنوری کو کارکن درشن کم ڈائیلاگ پروگرام کا انعقاد کیا گیا ہے۔ مسٹر اعجاز احمد نے کہا کہ آر جے ڈی کے پرنسپل جنرل سکریٹری رنوجے ساہو کے دستخط کے تحت جاری مسٹر یادو کے ساتویں مرحلے کے پروگرام کے بارے میں معلومات متعلقہ ضلع صدر/ضلع پرنسپل جنرل سکریٹری کو بھیج دی گئی ہے اور اس کے مطابق کارکن درشن کم مکالمہ پروگرام متعلقہ اضلاع میں منعقد جا رہا ہے۔ اس کی تیاری ریاستی دفتر کی طرف سے جاری کردہ رہنما خطوط کے مطابق کی جا رہی ہے، مزید پروگراموں کے بارے میں معلومات بعد میں دی جائیں گی۔

## پرشانت کشور گرفتار

پٹنہ، 6 جنوری (یواین آئی) بہار پبلک سروس کمیشن (بی پی ایس سی) کے 70 ویں پی ٹی امتحان کو منسوخ کرنے کی مانگ کے تعلق سے بھوک ہڑتال پر بیٹھے جن سوراج کے لیڈر پرشانت کشور کو آج صبح گرفتار کر لیا گیا ہے۔



بی پی ایس سی کا 70 واں پی ٹی امتحان 13 دسمبر 2024 کو منعقد ہوا تھا۔ امیدواروں نے کہا تھا کہ پٹنہ کے باپو امتحانی مرکز میں منعقدہ امتحان کا پیپر اسی دن لیک ہو گیا تھا۔ کمیشن نے بھی بے ضابطگیوں کو قبول کیا تھا اور باپو امتحانی مرکز میں دوبارہ امتحان منعقد کرنے کو کہا تھا۔ اسی دن پٹنہ کے ضلع مجسٹریٹ ڈاکٹر چندر شیکھر سنگھ نے ایک احتجاج کر رہے ایک امیدوار کو تھپڑ مار دیا تھا۔ اس کے بعد معاملہ بڑھ گیا اور امیدوار گردنی باغ میں ہڑتال پر بیٹھ گئے۔ اس کے بعد دو بار مظاہرین پر لاٹھی چارج ہوا اور اس معاملے نے سیاسی زور پکڑ لیا۔ پرشانت کشور، تیجسوی یادو، پپو یادو سمیت تمام اپوزیشن لیڈر امیدواروں کی حمایت میں سامنے آئے۔ بی پی ایس سی امتحان میں بے ضابطگیوں کے خلاف مسٹر کشور جمعرات 2 جنوری سے گاندھی میدان میں گاندھی جی کے مجسمہ کے پاس غیر معینہ مدت کے لیے بھوک ہڑتال پر بیٹھے تھے۔ ان کے ساتھ بی پی ایس سی کے امیدوار اور جن سوراج کے کئی لوگ بھی احتجاجی مقام پر بیٹھے ہوئے تھے۔ مسٹر کشور نے کہا تھا کہ جب تک بچوں کو انصاف نہیں مل جاتا وہ بھوک ہڑتال پر بیٹھے رہیں گے۔ پٹنہ ضلع انتظامیہ نے کہا تھا کہ جن سوراج پارٹی کے لیڈر پرشانت کشور کا ایک ممنوعہ اور غیر مجاز جگہ پر بغیر اجازت احتجاج کرنا غیر قانونی اور قائم روایت کے خلاف ہے۔ بہار پولیس نے مسٹر کشور کو صبح 4 بجے گاندھی جی کے مجسمے کے پاس سے گرفتار کر لیا، مسٹر کشور نے کہا ہے کہ وہ علاج سے انکار کر دیں گے اور اپنی بھوک ہڑتال جاری رکھیں گے۔ پٹنہ ضلع انتظامیہ نے کہا ہے کہ مسٹر کشور اور ان کے حامیوں سے بار بار اپیل کی گئی کہ وہ گاندھی میدان میں احتجاج نہ کریں۔ انہیں احتجاجی مقام چھوڑنے کے لیے مناسب وقت دیا گیا۔ جب وہ نہ مانے تو گاندھی میدان تھانے میں ان کے خلاف مقدمہ درج کر کے انہیں گرفتار کر لیا گیا۔ مسٹر کشور کے حامیوں نے پولیس کی کارروائی کے خلاف احتجاج کیا۔ تاہم سیکورٹی اہلکار مسٹر کشور کو ایمبولینس میں لے گئے۔ پولیس نے بتایا کہ مسٹر کشور کو آج عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ اس دوران بی پی ایس سی امتحان کے معاملے پر مہا گٹھ بندھن نے آج بہار میں احتجاجی مارچ نکالنے کا اعلان کیا ہے، جس میں گٹھ بندھن کے نوجوان اور طلبا اکائی کی شراکت رہے گی۔













## راہل-پرینکا نے نکسلیوں کے حملے میں فوجیوں کی شہادت پر رنج و غم کا اظہار کیا

نئی دہلی، 06 جنوری (یواین آئی) کانگریس لیڈر راہل گاندھی اور پرینکا گاندھی وڈرا نے نکسلیوں کے حملے میں فوجیوں کی شہادت پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے اور متاثرین کے اہل خانہ کے ساتھ گہری تعزیت کا اظہار کیا ہے اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات پیش کیں ہیں۔ دونوں رہنماؤں نے کہا کہ ملک میں فوجیوں کی شہادت کے واقعات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور یہ واقعات قومی سلامتی کو برقرار رکھنے میں حکومت کی کارکردگی پر سوال اٹھاتے ہیں۔ مسٹر گاندھی نے کہا کہ ”چھتیس گڑھ کے بیجاپور میں بزدلانہ نکسلیوں کے حملے میں ہمارے بہت سے فوجیوں اور ڈرائیوروں کی شہادت کی خبر سن کر مجھے بہت دکھ ہوا ہے۔ میں شہیدوں کو دلی خراج عقیدت پیش کرتا ہوں اور زخمی فوجیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہوں۔ اس مشکل وقت میں میری ہمدردیاں سوگوار خاندان کے ساتھ ہیں۔ دہشت گردی اور تشدد کے خلاف پورا ملک متحد ہے۔ فوجیوں کی شہادتوں میں اضافہ قومی سلامتی کو برقرار رکھنے کی حکومت کی صلاحیت پر سنگین سوالات اٹھاتا ہے۔ محترمہ وڈرا نے کہا کہ ”چھتیس گڑھ کے بیجاپور میں نکسلی حملے میں بڑی تعداد میں فوجیوں کی شہادت کی خبر انتہائی افسوسناک ہے۔ دہشت گردی کے خلاف پورا ملک متحد ہے اور اس کی شدید مذمت کرتا ہے۔

## سپریم کورٹ نے امیزون اور والمارٹ سے جڑی مخالف مسابقتی عمل سے متعلق عرضیاں کرناٹک ہائی کورٹ کو منتقل کیں

نئی دہلی، 6 جنوری (یواین آئی) سپریم کورٹ نے پیر کو امیزون اور والمارٹ کے فلپ کارٹ ای کامرس پلیٹ فارم کے مبینہ مخالف مسابقتی عمل سے متعلق تمام عرضیوں کو فیصلہ کے لیے کرناٹک ہائی کورٹ کی سنگل بنچ کو منتقل کر دیا۔ جسٹس ابھے اوکا اور جسٹس پنکج مٹھل کی بنچ نے متعلقہ فریقوں کے دلائل سننے کے بعد یہ حکم دیا۔ بنچ نے تمام متعلقہ فریقین کی جانب سے اس طرح کی منتقلی پر رضامندی کے بعد مقدمات کو ہائی کورٹ میں منتقل کرنے کی ہدایت کی۔ مسابقتی کمیشن آف انڈیا (سی سی آئی) نے اس کیس کو منتقل کرنے کا مطالبہ کیا تھا کیونکہ دہلی، پنجاب اور ہریانہ، کرناٹک اور الہ آباد کی مختلف ہائی کورٹس میں مفاد عامہ کی عرضیاں زیر التوا تھیں۔ عدالت عظمیٰ نے قبل ازیں اٹارنی جنرل آر وینکٹ رمانی کو دو درجن سے زیادہ عرضیوں کو کرناٹک ہائی کورٹ کی سنگل جج بنچ کو منتقل کرنے کے لیے سی سی آئی سے ہدایات لینے کے لئے کہا تھا۔ درخواستوں میں کہا گیا ہے کہ دوسر کردہ پلیٹ فارمز کی جانب سے پیش کی جانے والی ای کامرس سروسز سے متعلق پوچھ گچھ کافی عمومی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ اگر ان پلیٹ فارمز پر کسی بھی مخالف مسابقتی سرگرمی کو جاری رکھنے کی اجازت دی جاتی ہے تو یہ ہر گزرتے دن لاکھوں نہیں تو کروڑوں عام لوگوں کو نقصان پہنچاتی ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ اگرچہ تحقیقات 2020 میں شروع ہوئی تھی، لیکن قانونی چارہ جوئی کے پہلے دور میں امیزون اور فلپ کارٹ کے حق میں دیے گئے حکم امتناعی کی وجہ سے اس میں کافی تاخیر ہوئی۔

## اورنگ آباد شہر میں لگی اب تک کی سب سے بڑی آگ، مشہور مہاویر گھر سنسار مال جل کا خاک، کروڑوں کا نقصان

اورنگ آباد، 6 جنوری (یواین آئی) اورنگ آباد شہر کے مشہور علاقے شاہ گنج کے پاس چیلی پورہ میں واقع مشہور مہاویر گھر سنسار مال میں رات 12 بجے کے قریب زبردست آگ لگ گئی۔ آگ اتنی شدید تھی کہ چند گھنٹوں میں ہی مال میں موجود تمام سامان جل کر راکھ ہو گیا۔ انتھک کوششوں کے بعد فائر بریگیڈ نے رات 4 بجے کے قریب آگ پر قابو پالیا۔ ایک اندازے کے مطابق اس آگ سے کروڑوں کا نقصان ہوا ہے۔ فائر بریگیڈ نے اس آگ کو بجھانے کے لیے 7 سے 8 فائر انجنوں کا استعمال کیا۔ خوش قسمتی سے اس واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا تاہم املاک کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا ہے۔ آگ لگنے کی وجہ تا حال معلوم نہیں ہو سکی ہے۔ اس واقعہ سے علاقہ میں کہرام مچ گیا ہے اور پولیس نے معاملے کی جانچ شروع کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق، آگ کی شدت اتنی زیادہ تھی کہ کچھ ہی دیر میں آگ نے چار منزلہ مال اور کچھ قریبی گھروں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ پولیس نے فوری اطراف کے گھروں اور دوکانوں کو خالی کر دیا۔ اور تمام گھروں سے گیس کے سلینڈرس نکال کر محفوظ مقام پر رکھ دیے۔ اطراف کے مکین خوفزدہ تھے کہ کہیں آگ ان کے گھروں تک نہ پہنچ جائے۔ اورنگ آباد میونسپل کارپوریشن میں آتش فرودستہ کے چیف فائر آفیسر رائے باپاٹل نے بتایا کہ انھیں رات میں 12 بجکر 9 منٹ پر کو فون موصول ہوا، اور اس کے فوری بعد 12 بجکر 15 منٹ پر وہ موقع پر پہنچ گیے۔ جب تک آگ بہت زیادہ بھڑک گئی تھی۔ اورنگ اباد میونسپل کارپوریشن کی آگ بجھانے والی 6 گاڑیاں تھیں، اسی کے ساتھ مدد کے لیے ایم آئی ڈی سے 2 اور ایرپورٹ اور بجاج کمپی سے ایک ایک فائر انجن بلوائے گئے تھے۔ آگ بجھانے کے لیے آتش فرودستہ 60 اہلکاروں نے اپنی خدمات انجام دیں۔ اور 30 سے زیادہ پانی کے ٹینکروں کا استعمال کیا گیا۔ انھوں نے بتایا کہ صبح 6 بجکر 30 منٹ پر آگ پر قابو پایا گیا۔ اور اب کولنگ کا کام جاری ہے۔ انھوں نے کہا کہ آگ لگنے کی وجہ ابھی معلوم نہیں تاہم تحقیقات جاری ہیں۔ اسی دوران آپسی بھائی چارے کا ایک حیرت انگیز نظارہ اس وقت بھی دیکھنے میں آیا جو مصیبت کے وقت تمام محلے والے ایک ساتھ کھڑے ہوگے۔ چیلی پورہ کو مسلم اکثریتی علاقہ سمجھا جاتا ہے۔ آگ لگنے کی اطلاع ملتے ہی آس پاس کے تمام لوگ مال کے سامنے جمع ہو گئے۔ وہ جس قدر ہو سکتا تھا آگ کو روکنے کی کوشش کر رہا تھا

# خواجہ معین الدین کی انسانی دوستی اور غریب پروری

محمد آفتاب عالم مصباحی، استاذ دارالعلوم فیضِ عام اناؤ

مذہب اسلام نے اس دنیا کی ساری مخلوق کو اللہ کا کنبہ قرار دیا ہے اور اس کے نزدیک پوری نسل انسانی ہم سب کے جد اعلی حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد ہیں۔ایک ہی انسان سے پوری دنیا کو سجایا اور اپنے لطف وکرم سے سبھی انسانوں کو رحم ومروت، جذبات واحساسات اور ہمدردی وغم گساری کے اثرات بھی مرحمت فرما دیا ہے۔تاکہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ اپنے دکھ سکھ کی گھڑیاں بانٹ سکے اور مصائب والائم کے وقت انسانی دوستی کا اظہار بھی کرے۔محسن انسانیت حضرت محمد مصطفی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے نقش قدم پر چلتے ہوئے تزکیہ واحسان اور تصوف وطریقت کی علمبردار وہ ذات بابرکات جنہیں تاریخ عالم صوفیہ ومشائخ کے نام سے موسوم کرتی ہے اگر ان کے درخشندہ زندگی کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہم پر یہ حقیقت آشکارا ہو جاتی ہے کہ انہوں نے اپنے اخلاق وکردار اور خدمت خلق کے ایسے اعلی نمونے چھوڑے ہیں کہ خوش طبعی اور صحیح طریقوں سے عمل پیرا ہو تو آج بھی بیمار معاشرہ کو شفا یابی مل سکتی ہے اور درماندہ حال کو کامیابی کی روشنی مل سکتی ہے۔

ہمارے اس وطن عزیز کے اندر صوفیائے کرام کے درمیان سلطان الہند عطائے رسول خواجہ خواجگان حضرت خواجہ معین الدین حسن چشتی اجمیری علیہ رحمت ورضوان کی ذات گرامی ایک منفرد اور نمایاں حیثیت کی حامل ہے۔سرزمین ہند پہ آپ سرکردہ اولیاء اور سرخیل اصفیا میں سے گردانے جاتے ہیں۔جب آپ ہندوستان تشریف لائے تو اس وقت یہاں کفر وضلالت کا سخت پہرا تھا یہاں کے لوگ بت پرستی اور گمراہی و بدعت کے اندھیری کوٹھری میں زندگی گزار رہے تھے۔آپ نے اپنے جہد مسلسل اور بے لوث قربانیوں سے اسلام کا پرچم بلند کیا اور کفر وشرک کے دلدل میں پھنسے ہوئے لوگوں کو نکال کر دولت ایمان سے سرفراز فرمایا۔آپ کی شان غریب نوازی سے اس ملک کا ہر خطہ اور ہر گوشہ مہکتا اور چمکتا نظر آرہا ہے۔یہاں کا بچہ بچہ آپ کا احسان مند ہے۔ایک مقام پر حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی چشتی دہلوی قدس سرہ فرماتے ہیں کہ ایک بار میں نے اپنے مرشد برحق حضرت خواجہ معین الدین حسن چشتی کا یہ فرمان سنا وہ اپنے پیرو مرشد حضرت خواجہ عثمان ہارونی چشتی کے یہ گراں قدر کلمات نقل فرما رہے تھے.※※ اگر کسی شخص میں تین خصلتیں پائی جائیں تو سمجھ لو کہ وہ اللہ تعالی کا محبوب بندہ ہے،سخاوت و شفقت اور تواضع۔دریا جیسی سخاوت،آفتاب جیسی شفقت،زمین جیسی تواضع،،۔(دلیل العارفین)

خدمت خلق اور حاجت روائی کے بارے میں ہندالولی حضرت خواجہ معین الدین حسن چشتی علیہ الرحمۃ رضوان اپنے زبان حق سے ایسی بات بیان کرتے ہیں کہ جس سے درویشی کے مضمرات واسرار کی گرہیں کھلتے ہیں۔حاجت روائی اور درویشی اس بات کا نام ہے کہ اس کے پاس جو آئے اسے محروم نہ کیا جائے۔اگر بھوکا ہے تو کھانا کھلایا جائے،ننگا ہے تو کپڑا پہنایا جائے،کسی بھی صورت میں اسے خالی نہیں واپس کرنا چاہیے اس کا حال پوچھ کر اس کی دلجوئی کرنی چاہیے۔(دلیل العارفین)

آپ کے اندر عہد طفولیت ہی سے خدمت خلق،محبت و ہمدردی، بندہ نوازی اور حاجت روائی کا جذبہ موجزن تھا۔زمانہ شیر خوارگی میں بھی آپ کی شان نرالی اور منفرد تھی۔مورخین تحریر کرتے ہیں کہ دودھ پینے کے زمانہ میں بھی جود وسخا کا یہ عالم تھا کہ جب کوئی عورت اپنے بھوکے بچے کے ساتھ آپ کے ہاں آتی اور دودھ کے لیے اس کا بچہ بے چین و بے قرار ہونے لگتا ہے تو آپ فورا اپنی مادر مہربان کو اشارہ فرما دیتے،جس کا صاف مطلب یہ ہوتا کہ آپ اپنا دودھ اس بچے کو پلائیں۔اپ کی والدہ ماجدہ یہ اشارہ سمجھ کر اس بچے کو دودھ پلا دیتی۔جب وہ بچہ دودھ سے شکم سیر ہو جاتا تو آپ مسرت وشادمانی کا اظہار اپنے رخ زیبا پر ظاہر فرماتے۔اپ کے بچپن ہی کا ایک واقعہ یہ بھی ہے 15 سال کی عمر میں جب ایک بزرگ شیخ ابراہیم قندوزی کے فیضان اور نگاہ کیمیا اثر سے اپ کے اندر روحانی انقلاب آیا تو آپ نے اپنا باغ اور پن چکی جو ذریعہ معاش تھا اسے فروخت کر دیا اور باغ و پن چکی سے حاصل شدہ ساری رقم غرباء وفقرا اور مساکین ومحتاجوں کے درمیان تقسیم کر دی۔آپ کے سوانح اور سیرت سے اس بات کا انکشاف ہوتا ہے کہ آپ کی فیاضی اور ہمدردی کے جو باب ہیں وہ نہایت نصیحت آموز اور پوری دنیا کے لیے درس حیات ہے۔

انسانی دوستی اور غریب پروری کا جلوہ آپ کی ان تعلیمات وہدایات میں بھی بخوبی ملتا ہے جو آپ کی زندگی کی انمول نعمت ہے۔اپ فرماتے ہیں مصیبت زدہ لوگوں کی فریاد سننا ان کا ساتھ دینا،اور حاجت مندوں کی ضرورت پوری کرنا،بھوکوں کو کھانا کھلانا،اسیروں کو رہائی دلانا یہ سب باتیں ہیں اللہ کے حضور عالی شان مقام ومرتبہ رکھتی ہیں۔اپنے لیے دنیاوی مال ومتاع کے سلسلے میں حضرت خواجہ غریب نواز اور دیگر صوفیا ومشائخ کا جو مسلک تھا وہ شیخ الاسلام حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر چشتی خلیفہ حضرت قطب الدین بختیار کاکی چشتی دہلوی کے اس خیال سے ظاہر ہو جاتا ہے.※※ زکوۃ تین طرح کی ہوتی ہے۔زکوۃ شریعت، زکوۃ طریقت، زکوۃ حقیقت۔زکوۃ شریعت یہ ہے کہ دوسو درہم اپنے پاس رکھا جائے اور بقیہ سب خدا کی راہ میں خرچ کر دیا جائے۔زکوۃ حقیقت یہ ہے کہ سب کا سب راہ خدا میں دے دیا جائے اور اپنے پاس اللہ و رسول کے سوا کچھ بھی نہ رکھا جائے گا۔(سیر الاقطاب)

حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی چشتی دہلوی اپنے مرشد کامل ہندالولی عطائے رسول حضرت خواجہ معین الدین حسن چشتی اجمیری کے بارے میں اپنا یہ تجربہ ومشاہدہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے مدت تک آپ کی خدمت کی،مگر کسی سال کوئی فقیر کو کبھی آپ کے در سے محروم جاتے نہیں دیکھا،،۔(مسالک السالکین) رب قدیر کی بارگاہ میں سراپہ دعا گو ہوں کہ ہم سبھی کو بھی حضرت خواجہ معین الدین حسن چشتی اجمیری کے ارشادات وفرامین پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

# کیا اسلام عورتوں پر ظلم کرتا ہے؟؟

ازقلم: مولانا اسلام الدین حنفی بنارس

اسلام ایک ایسا دین ہے جو تمام انسانوں کے حقوق اور فرائض کو متوازن انداز میں تقسیم کرتا ہے۔ جہاں قرآن نے مردوں کی شان اور عزت کو بتلایا اور ان کے حقوق کی بات کی وہیں پر عورتوں کی عظمت ومرتبت اور حقوق کو بیان کیا۔ اسلام وہ عظیم مذہب ہے جو صرف اپنوں کے ساتھ نہیں بلکہ غیروں کے ساتھ بھی صلہ رحمی اور حسن اخلاق کا معاملہ کرنے پر ابھارتا ہے۔




انسان تو انسان جانوروں کے ساتھ بھی رحم وکرم کا معاملہ کرتا ہے آج انشاء اللہ اس مضمون میں مختصر طور پر عورت کی شان اور عزت کے متعلق قرآن وحدیث کی روشنی میں چند باتیں بیان کروں گا۔

قرآن وسنت کی روشنی میں عورت کو نہ صرف ایک خودمختار حیثیت عطا کی گئی ہے بلکہ اسے عزت، تحفظ اور برابری کے اصولوں پر مبنی حقوق بھی دیے گئے ہیں۔ جب عورتوں کو غلام بنایا جارہا تھا، ان کے شوہر کے انتقال پر ان کے ساتھ انہیں جلا دیا جاتا تھا، ان پر ظلم وتشدد کے پہاڑ ڈھائے جاتے تھے، انہیں انسان تسلیم کرنے پر لوگوں کو شک ہوتا تھا، اس بات پر بڑے بڑے کانفرنس منعقد کیے جاتے تھے کہ عورت کو انسان سمجھا جائے یا نہیں؟ ایسے ماحول میں اسلام اور قرآن نے عورتوں کو عزت دی اور یوں ارشاد فرمایا:

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا، اور اسی سے اس کا جوڑا بنایا، اور ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں پیدا کیں۔"
(النساء:1)

یہ آیت اس بات کی وضاحت کرتی ہے کہ مرد اور عورت ایک ہی خاندان کے افراد ہیں اور ان کے حقوق وفرائض یکساں ہیں۔ اسی طرح قرآن ایک جگہ اور کہتا ہے:

میں تم میں سے کسی عمل کرنے والے کا عمل ضائع نہیں کرتا، خواہ وہ مرد ہو یا



عورت، تم سب ایک دوسرے کے برابر ہو۔"
(آل عمران:195)

لیکن آج جس قدر عورتوں کے حقوق کو پامال کیا جاتا ہے وہ ناقابل بیاں ہے۔عورت کو صرف چار دیواری کی زینت بنا کے گھریلو کام کاج کرنے کی مشین سمجھنا یہ لوگوں کی ذہنیت بن گئی ہے۔عورت یہ نہیں کر سکتی اور عورت وہ نہیں کر سکتی وغیرہ وغیرہ۔لیکن اسلام نے جہاں پر مرد کو آزادی دی ہے کہ جتنا چاہے علم حاصل کرے جتنی چاہے ترقی کرے اتنا ہی اختیار ایک عورت کو بھی حاصل ہے چنانچہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں 'علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے خواہ وہ مرد ہو یا عورت۔

اسلام نے عورتوں کو وہ مقام دیا ہے جو شاید ہی کسی مذہب نے دیا ہو۔اگر عورت ماں ہے تو اس کے قدموں کے نیچے اس کی اولاد کی جنت ہے۔حدیث پاک میں مذکور ہے "ایک شخص نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ حسن سلوک کا زیادہ مستحق کون ہے؟ آپ نے فرمایا تمہاری ماں۔ پھر پوچھا کون؟ پھر کہا تمہاری ماں۔ پھر پوچھا کون؟ پھر کہا تمہارے ماں۔ پھر پوچھا کون؟ پھر کہا تمہارا باپ"۔

یہ حدیث پاک واضح طور پر عورت کے مقام ومرتبہ کو ظاہر کرتی ہے کہ ماں کی صورت میں۔

بیٹی کے طور پر بھی اسلام نے عورت کو اہم مقام دیا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

جس نے اپنی بیٹیوں کی پرورش اچھی طرح کی، ان کے ساتھ حسنِ سلوک کیا اور اچھے گھر میں اس کے شادی کر دی۔ ان پر بیٹوں کو ترجیح نہ دی، اس کے لیے جنت کی خوشخبری ہے۔"

شادی اور خاندانی زندگی میں حقوق

اسلام میں عورت کو شادی کے فیصلے کا مکمل اختیار دیا گیا ہے۔ نکاح کے لیے اس کی رضامندی ضروری ہے۔ شادی کے بعد شوہر پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ بیوی کے ساتھ محبت، شفقت اور عدل وانصاف کے ساتھ پیش آئے۔ اس کے ضروریات اور اخراجات کا خیال رکھے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

تم میں سب سے بہتر وہ ہے جو اپنے گھر والوں کے ساتھ اچھا ہو۔"

اسلام عورت کو معاشی حقوق بھی دیتا ہے۔ اسے اپنی جائیداد رکھنے، تجارت کرنے اور کمائی کرنے کا حق حاصل ہے۔ اسلام نے عورت کو وراثت میں بھی حصہ دیا، جو جاہلیت کے دور میں عورت کو میسر نہ تھا۔ عورت اپنے والد اور شوہر کی وراثت میں حصہ دار ہوتی ہے، اور یہ حق کوئی اس سے چھین نہیں سکتا۔

عورت پر مالی ذمہ داریاں عائد نہیں کی گئیں۔ نکاح کے وقت مہر اس کا حق ہے، اور شادی کے بعد اس کی کفالت شوہر کی ذمہ داری ہے۔ عورت اپنے مال کی مالک رہتی ہے اور شوہر کو اس پر کوئی اختیار نہیں۔ اگر وہ چاہے تو کام کر سکتی ہے اور گھر کے معاملات میں حصہ لے سکتی ہے، بشرطیکہ اس کے وقار اور عزت کا تحفظ ہو۔

خلاصہ

اسلام نے عورت کو وہ مقام دیا جو اس کے فطری تقاضوں کے مطابق ہے۔ اسے عزت، تحفظ اور برابری کے حقوق دیے گئے ہیں۔ یہ حقوق نہ صرف اس کی زندگی کو پرسکون بناتے ہیں بلکہ معاشرے میں عورت کی اہمیت کو بھی اجاگر کرتے ہیں۔ اسلام کے عطا کردہ اصول عورت کی عزت وعظمت اور اس کے وقار کو یقینی بناتے ہیں۔

# انسانیت اور حسن اخلاق

انسانی زندگی میں حسن اخلاق کو جو اہمیت وعظمت حاصل ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہے۔اج کچھ لوگ ایسے ہیں جو نماز، روزہ، حج اور زکوۃ کے پابند ہیں لیکن اخلاق پر کوئی توجہ نہیں دیتے۔جبکہ اس کے بارے میں اللہ کے نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:" بے شک مومن اپنے اچھے اخلاق کے ذریعے تہجد گزار روزہ دار کے درجے تک رسائی حاصل کر لیتا ہے"۔

حسن اخلاق کی تعریف:

حسن" اچھائی اور خوبصورتی کو کہتے ہیں، اخلاق جمع ہیں 'خلق" کی جس کا معنی ہے: رویہ، برتاؤ، عادت" یعنی لوگوں کے ساتھ اچھے برتاؤ کو حسن اخلاق کہا جاتا ہے۔

لیکن آج ہمارا معاملہ یہ ہے کہ ہم لوگوں ساتھ نرمی اور ہمدردی کا برتاؤ نہیں کرتے۔ جبکہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:" اللہ اس پر رحم نہیں کرتا جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا"

ایک جگہ اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بہترین مسلمان وہ ہے جس کے اخلاق سب سے اچھے ہوں۔ اس لیے ہمیں چاہیے کہ ہم اخلاق پر توجہ دیں اور لوگوں کے ساتھ رحم اور مہربانی کا برتاؤ کریں۔ اور اخلاق کے تعلق سے ہمیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرنی چاہیے کیونکہ وہ ہمارے لیے بہترین نمونہ ہیں۔ اللہ رب العزت نے ارشاد فرمایا لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنہ ترجمہ: بے شک تمہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی بہتر ہے۔ لوگوں میں سب سے بہتر اخلاق ہمارے پیارے اقا صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے ہیں اللہ رب العزت نے ارشاد فرمایا: وان ※ لعلی ※ خلق عظیم ترجمہ: بے شک تمہاری خوب بڑی شان کی ہے۔

انسانوں کے ساتھ حسن اخلاق:

والدین، رشتہ داروں اور پڑوسیوں کے ساتھ حسن سلوک کرنا،

لیکن ہم پڑوسیوں کے ساتھ حسن سلوک نہیں کر پاتے ہیں اور طرح طرح کی تکلیفیں پہنچاتے ہیں جبکہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا" وہ شخص مومن نہیں ہوسکتا، وہ شخص مومن نہیں ہوسکتا، وہ شخص مومن نہیں ہوسکتا"۔ صحابہ کرام نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کون؟ آپ نے فرمایا: جس کے شر سے اس کا پڑوسی محفوظ نہ ہو"۔ اسی طرح ہم اپنی بیویوں کے ساتھ اچھا برتاؤ نہیں کرتے اور طرح طرح کی تکلیفیں پہنچاتے ہیں اور اگر ہم سے کوئی یہ پوچھے کہ اسلام کیسا مذہب ہے تو ہم کہتے ہیں کہ اسلام بہت اچھا مذہب ہے لیکن ہمارا عمل اسلام کے بالکل خلاف ہے تو جب ہم کسی کو یہ کہتے ہیں کہ اسلام بہت اچھا مذہب ہے تو ہمارے کہنے پر لوگ یقین نہیں کرتے بلکہ کیا کرتے ہیں؟ اس کو لوگ دیکھتے ہیں۔ تو ہمیں اپنی بیویوں کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیے یہ ہم نبی پاک صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی سیرت سے جان سکتے ہیں اور اس پر عمل کر سکتے ہیں۔

حیوانات کے ساتھ حسن اخلاق:

رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا" جو کسی پرندے، جانور یا انسان پر ظلم کرے گا وہ قیامت کے دن جواب دہ ہوگا" لیکن ہم جانوروں پر بہت زیادہ ظلم کرتے ہیں اور ہمیں احساس بھی نہیں ہوتا کہ ہم غلط کرتے ہیں ہمیں چاہیے کہ ہم اس فرمان کو ذہن میں رکھ کر زندگی گزاریں اور پرندوں اور جانوروں کے ساتھ حسن سلوک کریں جہاں تک ہوسکیں ہم ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کریں اس نیت سے کہ اللہ تبارک وتعالی اس کا اجر دے گا۔

ماحول کے ساتھ حسن اخلاق:

ہمیں چاہیے کہ ہم ماحول کو بہتر سے بہتر بنانے کی کوشش کریں تا کہ جو آکسیجن کی کمی ہوتی ہے اس کمی کو دور کرسکیں اور اس کا ایک ذریعہ یہ ہے کہ ہم زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں اس کے متعلق حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:" جو مسلمان کوئی درخت لگاتا ہے یا کھیتی کرتا ہے اور اس سے پرندے، انسان یا جانور کھاتے ہیں تو یہ اس کے لیے صدقہ بن جاتا ہے" اس لیے ہمیں چاہیے کہ ہم زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں اور ماحول کو بہتر بنائیں۔

حسن اخلاق کے فوائد:

حسن اخلاق کی وجہ سے معاشرے میں امن وسکون پیدا ہوتا ہے۔ حسن اخلاق کی وجہ سے انسان اللہ رب العزت سے قریب ہوتا ہے جیسا کہ حدیث شریف میں ایا ہے اللہ کے نبی پیارے اقا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:" اللہ کے نزدیک سب سے محبوب وہ ہے جو اخلاق میں سب سے بہتر ہو"

اج کے دور میں حسن اخلاق کی ضرورت:

اسلام میں سخت طبیعت کو ناپسند کیا گیا ہے۔ اس کے بارے میں اللہ تبارک وتعالی نے اپنے پیارے نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو مخاطب فرمایا ہے:" اور اگر اپ تنگ خو اور سخت طبیعت ہوتے تو وہ سب اپ کے پاس سے منتشر ہو جاتے"

اس لیے ہمیں بھی چاہیے کہ ہم لوگوں کے ساتھ نرمی سے پیش ائیں۔ اور لوگوں کو بتائیں کہ اسلام ہمیں کیا تعلیم دیتا ہے؟ کچھ لوگ یہ سوچتے ہیں کہ جب سامنے والا انسان ہمارے ساتھ حسن اخلاق کے ساتھ نہیں ملتا ہے تو ہم کیوں ملیں؟ یاد رکھیں ان کے پاس نہ کوئی نبی ایا نہ رسول لیکن ہمارے پاس تو ہمارا اسلام ہے جو ہمیں لوگوں کے ساتھ حسن سلوک کا طریقہ سکھاتا ہے اگر ہم ان چیزوں پر عمل نہ کریں تو اس کا مطلب یہ کہ ہم نے اسلام کے ذریعے اپنے اندر کوئی تبدیلی نہیں کی ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کو پڑھیں اور ان کے اخلاق کو مدنظر رکھتے ہوئے زندگی گزاریں تا کہ ہماری زندگی اسان اور بہتر ہوسکے۔

از: محمد تبارک حسین علیمی

# عالم عرب اور ہندوستان کا اسلامی کلچر: ایک تقابلی جائزہ

اسلامی تہذیب وثقافت نے دنیا بھر پر گہرے اثرات مرتب کیے ہیں، اور اس اثر کا سب سے پہلا مرکز وہ خطہ تھا جہاں اسلام کی بنیاد رکھی گئی: عالم عرب۔ دوسری طرف، ہندوستان میں اسلام کی آمد نے نہ صرف مقامی معاشرتی ڈھانچے کو تبدیل کیا بلکہ یہاں ایک نیا اسلامی کلچر بھی جنم لیا، جس میں مقامی خصوصیات اور روحانیت کا حسین امتزاج تھا۔ دونوں ثقافتیں اگرچہ اسلامی بنیادوں پر استوار ہیں، لیکن



ان کے جغرافیائی، سماجی، اور تاریخی پس منظر نے انہیں مختلف نوعیت کی شکلوں میں ڈھالا۔

عالم عرب کا اسلامی کلچر: عالم عرب کا کلچر اسلامی تہذیب کی اصل جڑوں سے جڑا ہوا ہے۔ یہ وہ خطہ ہے جہاں پیغمبر اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات نے دنیا بھر میں انسانیت کی رہنمائی کی۔ عرب ثقافت میں اسلامی اقدار جیسے عدل، مساوات، بھائی چارہ، اور تحمل کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ یہاں کی ثقافت میں صحرا کی زندگی نے سادگی، قربانی اور صبر جیسے خصائل کو جنم دیا۔ عربی شاعری، خاص طور پر قصیدہ نویسی، عرب کے ثقافتی اور دینی پس منظر کا آئینہ دار ہے۔

عرب ثقافت میں اسلامی روایات کا اثر بہت گہرا ہے اور یہ روحانیت، اخلاقیات اور ثقافتی اظہار کی شکلوں میں ظاہر ہوتا ہے۔ عربوں نے اپنی دینی تعلیمات کو اپنی روزمرہ کی زندگی میں اس طرح سے شامل کیا کہ وہ ایک مکمل اسلامی معاشرتی ڈھانچہ بن گیا، جس میں مذہبی اخلاقیات اور روحانی سکون کی اہمیت ہے۔

ہندوستان کا اسلامی کلچر: ہندوستان میں اسلامی کلچر کی آمد نے یہاں کی مقامی ثقافت اور اسلامی اصولوں کا حسین امتزاج پیدا کیا۔ ہندوستان کی ثقافت بہت زیادہ مذہبی تنوع پر مبنی ہے، اور جب اسلام یہاں آیا تو اس نے اپنی روحانیت اور تعلیمات کو ہندوستانی عوام کے دلوں میں بٹھایا۔ یہاں کے مسلمان نہ صرف عربی یا فارسی بلکہ مقامی زبانوں جیسے ہندی، اردو، اور بنگالی میں بھی اسلامی تعلیمات کو فروغ دینے لگے۔

ہندوستانی اسلامی کلچر کی ایک اہم خصوصیت اس کی گہرائی اور تنوع ہے۔ ہندوستانی مسلمانوں نے اسلامی اقدار کو مقامی ثقافت کے ساتھ ہم آہنگ کیا، اور اسلامی فن تعمیر میں بھی ہندوستانی روایات کو شامل کیا۔ تاج محل، جامع مسجد اور قطب مینار جیسے عظیم اسلامی فنون نے ہندوستان کی اسلامی تہذیب کو دنیا بھر میں نمایاں کیا۔

دونوں کلچروں میں مشترکات: اگر ہم دونوں کلچروں کا تقابلی جائزہ لیں تو ہمیں کئی مشترکات نظر آتی ہیں۔ دونوں میں نماز، روزہ، زکو※، اور حج جیسے عبادات کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ دونوں ثقافتوں میں عدلیہ اور مساوات کی اہمیت ہے، جو اسلامی تعلیمات کا لازمی حصہ ہیں۔ اسی طرح دونوں میں امن، رواداری اور بھائی چارہ پر زور دیا گیا ہے، جو آج کے معاشرتی مسائل کے حل کے لیے ضروری ہیں۔

عالم عرب اور ہندوستان کے اسلامی کلچر میں ایک اور اہم تشابہ روحانیت کا ہے۔ دونوں ثقافتوں میں اللہ کی رضا کے حصول کے لیے محنت اور عبادت کو بہت اہمیت دی گئی ہے، جو کہ مسلمانوں کی روحانی زندگی کا مرکز ہے۔

موجودہ دور کے تقاضے اور پیغام: آج کے دور میں ہم دیکھتے ہیں کہ دونوں ثقافتوں کی اسلامی تعلیمات آج کے مسائل کا حل فراہم کرتی ہیں۔ عالم عرب میں جہاں صبر اور تحمل کی تعلیم دی جاتی ہے، وہیں ہندوستان میں بھی اسلامی تعلیمات نے مقامی رسم ورواج کے ساتھ ہم آہنگ ہوکر لوگوں کے دلوں میں محبت، امن، اور رواداری کی روح کو زندہ رکھا۔

آج ہم جن معاشرتی مسائل کا سامنا کر رہے ہیں، ان کا حل بھی اسلامی اصولوں میں مضمر ہے۔ عدل، مساوات اور بھائی چارہ آج بھی ہماری ضرورت ہے تاکہ ہم ایک بہتر معاشرہ تشکیل دے سکیں۔ دونوں ثقافتوں کی تعلیمات ہمیں یہ سکھاتی ہیں کہ ہمیں مذہبی اختلافات کو کم کرنے کی ضرورت ہے اور امن کی فضا قائم کرنی چاہیے۔

دونوں ثقافتیں ایک ہی بنیاد پر استوار ہونے کے باوجود اپنے جغرافیائی اور تاریخی پس منظر کی وجہ سے مختلف شکلوں میں ڈھلی ہیں۔ عالم عرب کا اسلامی کلچر سادگی اور روحانیت پر مبنی ہے، جبکہ ہندوستانی اسلامی کلچر میں مقامی اثرات اور فنون کا حسین امتزاج ہے۔ ان دونوں ثقافتوں میں اسلامی اصولوں کی موجودگی ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتی ہے جس پر آج کے دور میں بھی عمل کیا جاسکتا ہے۔

اسلامی تعلیمات کو اپنا کر ہم ایک ایسا معاشرہ تشکیل دے سکتے ہیں جہاں امن، محبت، اور بھائی چارہ کی فضا ہو۔ ہمیں اپنے اسلامی کلچر پر فخر ہونا چاہیے کیونکہ یہ ہمیں سچائی، انصاف اور رواداری کی تعلیم دیتا ہے، جو کہ آج کے دور میں بے حد ضروری ہے۔ ان دونوں ثقافتوں کا تقابلی جائزہ ہمیں اپنے معاشرتی مسائل کو حل کرنے اور ایک دوسرے سے سیکھنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

ازقلم: بدرالزماں مصباحی (اسلامک سکالر)

